72314 ـ كرنسی پرنٹنگ کی ملازمت کا حکم

سوال

ہمیں یہ تو علم ہے کہ بنك کی ملازمت کرنا حرام ہے، کیا حکومت کی کرنسی چھاپنے کے پرنٹنگ پریس میں ملازمت کرنا بھی حرام ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

کرانسی چھاپنے والے پریس میں ملازمت کرنے میں کوئی حرج نہیں اور نہ ہی اس کا سودی بنك کے معاملات سے کوئی تعلق ہے، لوگوں کو اس کرنسی کی ضرورت کسی پر مخفی نہیں، بلکہ اس وقت تو یہ کرنسی ان کی زندگی قائم رکھنے اور سدھارنے کا حکم رکھتی ہے، اور یہ کرانسی جاری کرنا تو ملك کی اقتصادی حالت مضبوط اور کمزور ہونے کے تابع ہے، اور کرنسی چھاپنے والے پریس اور بنك کا تعلق معاملات اور لین دین کا تعلق نہیں، بلکہ یہ تو احتیاطی قوت اور اقتصاد کے حساب سے محدود کرنسی چھاپنے کا حکم جاری کرنا ہے.

واللہ اعلم .